# سکولوں کی پرائیویسی پالیسی

# (SCHOOLS' PRIVACY POLICY)

## اکثر پوچھے جانے والے سوالات- والدین کے لیے معلومات

Schools' Privacy Policy سکولوں کی کمیونٹیوں کو آگاہ کرتی ہے کہ سکولوں کے تعلیم دینے اور ہمارے طالبعلموں کی مدد کرنے کے اہم ترین فرائض پورے کرنے کی خاطر طالبعلموں کے متعلق معلومات دوسروں کو دی جا سکتی ہیں۔

Schools' Privacy Policy 'معلومات کی ضرورت' ہونے کا فریم ورک طے کرتی ہے جس میں سکول کا عملہ طالبعلموں کے متعلق معلومات اس دوسرے عملے کو فراہم کرتا ہے جسے اپنے کردار کے تحت یہ جاننے کی ضرورت ہو۔ یہ وکٹوریا کے پرائیویسی کے قانون (Victorian privacy law) سے مطابقت رکھتا ہے۔

### یہ پالیسی کن لوگوں پر لاگو ہوتی ہے؟

یہ پالیسی ڈیپارٹمنٹ کے تمام مرکزی اور ریجنل عملے اور سکولوں کے عملے بشمول پرنسپلوں، اساتذہ، مہمان اساتذہ، انتظامی عملے، سماجی کارکنوں، فلاحی عملے، یوتھ ورکرز، نرسوں، طالبعلموں کی اعانت کی سروس کے افسروں ,Student Support Service officers) (SSSOsاور تمام دیگر الائیڈ ہیلتھ پریکٹیشنرز کے لیے لاگو ہوتی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ نیچے دیا گیا 'معلومات کی ضرورت' کا فریم ورک سکول کے تمام عملے کے لیے لاگو ہوتا ہے خواہ وہ ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ (Department of Education and Training) کے ملازمین ہوں، سروس پرووائیڈرز (کانٹریکٹرز) ہوں یا ایجنٹس (بامعاوضہ یا بلامعاوضہ) ہوں۔

### معلومات کی ضرورت

سکولوں کا تمام عملہ ایک طالبعلم کے بارے میں وہ معلومات دوسرے عملے کو دے سکتا ہے اور دینے کا پابند ہے جن کی ضرورت سکول کو اس قابل بنانے کے لیے ہے کہ سکول:

- طالبعلم کو **تعلیم دے**(جس میں انفرادی ضروریات کے لیے منصوبہ بندی کرنا یا سیکھنے میں رکاوٹیں دور کرنا بھی شامل ہے)
- طالبعلم کی سماجی اور جذباتی فلاح اور صحت کو **سہارا دے**
- قانونی فرائض پورے کرے، اس ضمن میں فرائض سمیت:
  - طالبعلم، دوسرے طالبعلموں، عملے یا سکول میں آنے والوں کے لیے ان خطرات کا اندیشہ دور کرنا جنہیں **معقول طور پر پہلے سے دیکھا جا سکتا ہے**(نگہداشت کا فریضہ (duty of care))
  - کسی طالبعلم کی **معذوری کے لیے معقول ردّوبدل** کرنا (امتیازی سلوک کے خلاف قانون (anti-discrimination law))
  - **محفوظ جائے کار** فراہم کرنا (پیشہ ورانہ صحت و حفاظت کا قانون (occupational health and safety law))

براہ مہربانی متوجہ ہوں: بچوں پر تشدّد اور عائلی تشدّد کے متعلق تبادلۂ معلومات کی سکیمیں ( Child and Family Violence Information Sharing Schemes) مخصوص تنظیموں کو ایک دوسرے کو بصیغۂ راز معلومات دینے کی اجازت دیتی ہیں تاکہ بچوں کی فلاح یا حفاظت کو فروغ دیا جائے یا عائلی تشدّد کےخطرے کو جانچا یا سنبھالا جائے۔ وکٹوریا کے سکول اور بہت سی دوسری وکٹورین خدمات ان سکیموں کے تحت آتی ہیں۔ مزید معلومات کے لیے دیکھیں:

https://www.vic.gov.au/information-sharing-schemes-and-the-maram-framework

### یہ کون طے کرتا ہے کہ 'کسے معلومات کی ضرورت ہے'؟

پرنسپل کی ہدایت کے تحت، عملے کا ہر رکن طے کرتا ہے کہ 'معلومات کی ضرورت' کے فریم ورک کی بنیاد پر ایک طالبعلم کے متعلق مخصوص، متعلقہ معلومات کی ضرورت کسے ہے۔

اس دیگر عملے کو معلومات دینا جسے 'معلومات کی ضرورت' ہو، بے مقصد گفتگو یا گپ شپ سے مختلف ہے۔

سکولوں کے عملے کو طالبعلموں کے متعلق بہت سی اہم معلومات بطور امانت حاصل ہوتی ہیں۔ عملے پر لازم ہے کہ ایسی تمام ذاتی معلومات اور صحت کی معلومات کے سلسلے میں حسّاس اور احترام پر مبنی رویّہ رکھیں اور 'معلومات کی ضرورت' کی بنیاد کے علاوہ دوسروں کو یہ معلومات نہ دیں۔

### طالبعلم کے اگلے سکول کو کونسی معلومات اور ریکارڈ بھیجے جا سکتے ہیں؟

جب ایک طالبعلم کو کسی دوسرے سکول میں داخلہ مل جائے اور اسے دوسرے سکول (وکٹورین گورنمنٹ سکول، غیر سرکاری سکول اور/یا انٹرسٹیٹ سکول) میں یا سے بھیجا جا رہا ہو تو اس کا موجودہ سکول نئے سکول کو طالبعلم کے متعلق معلومات بھیجتا ہے۔ ان معلومات میں طالبعلم کے سکول ریکارڈز کی کاپیاں نیز صحت، فلاح یا حفاظت سے متعلق معلومات شامل ہو سکتی ہیں۔

وکٹوریا کے گورنمنٹ سکولوں کے درمیان اس طرح معلومات بھیجنے کے لیے والدین کی رضامندی کی ضرورت نہیں ہے لیکن جب طالبعلم کو وکٹوریا کے غیر سرکاری سکولوں نیز کیتھولک سکولوں یا انٹرسٹیٹ سکولوں میں یا سے ٹرانسفر کیا جا رہا ہو تو والدین کی رضامندی حاصل کرنا ضروری ہے۔

پرنسپل (یا ان کے مجاز نمائندے) یہ سوال اٹھا کر طے کر سکتے ہیں کہ 'معلومات کی ضرورت' کے فریم ورک کی بنیاد پر اگلے سکول کو کونسی معلومات فراہم کی جائیں:

*طالبعلم کو درست طریقے سے تعلیم یا سہارا دینے اور سکول کے قانونی فرائض پورے کرنے کے لیے اگلے سکول کو کن 'معلومات کی ضرورت' ہے؟*

# 'معلومات کی ضرورت' کا فریم ورک

## نگہداشت کا فریضہ

سکول پر طالبعلموں کی نگہداشت کے فریضے کا مطلب یہ ہے کہ پرنسپل یا سربراہ ٹیم کے کسی اور رکن کو یہ جاننے کی ضرورت ہے کہ آیا کسی طالبعلم کے طرز عمل، معذوری، گھریلو حالات یا طالبعلم سے تعلق رکھنے والے دیگر متعلقہ حالات کی وجہ سے **کسی کے لیے** کسی ایسے **خطرے کا اندیشہ ہے جسے معقول طور پر پہلے سے دیکھا جا سکتا ہے**۔

مثال کے طور پر عملہ **پرنسپل** یا سکول کی سربراہ ٹیم کے دوسرے رکن **کو بتانے** کا پابند ہے کہ آیا مندرجہ ذیل کی وجہ سے ایسا اندیشہ ہے جسے معقول طور پر پہلے سے دیکھا جا سکتا ہے:

- طالبعلم متشدّد طرزعمل ظاہر کرتا ہے
- طالبعلم بلنگ، حملے یا عمر کے لحاظ سے نامناسب جنس زدہ رویّوں کا نشانہ یا مرتکب ہے
- طالبعلم کو جذباتی، فلاح سے متعلق یا خود کو نقصان پہنچانے کے مسائل ہیں

پھر پرنسپل متعلقہ معلومات عملے کے ان دیگر ارکان تک پہنچائے گا/گی جنہیں اس وجہ سے معلومات کی ضرورت ہو کہ وہ اس طالبعلم کے ساتھ کام کرتے ہیں یا اس کی نگرانی کرتے ہیں۔ عملہ پرنسپل کو اس حد تک معلومات فراہم کرنے کا پابند ہے جو ان کا اپنا نگہداشت کا فریضہ مناسب طور پر پورا کرنے کے لیے کافی ہوں / تاکہ پرنسپل بھی اپنا نگہداشت کا فریضہ پورا کر سکے۔

اہم یہ ہے، جب معقول طور پر پہلے سے دیکھے جا سکنے والے نقصان کا اندیشہ ہو تو عملے کو ان معلومات پر قدم اٹھانا چاہیے اور اس دیگر عملے کو معلومات دینی چاہیئں جنہیں 'معلومات کی ضرورت ہو' خواہ طالبعلم یا والد یا والدہ یہ معلومات آگے دینے سے منع کریں۔

## امتیازی سلوک کے خلاف قانون

سکول کے معذور طالبعلموں کو **معقول ردّوبدل** فراہم کرنے کے فرض (اس سے قطع نظر کہ آیا وہ معذور طالبعلموں کے لیے پروگرام (Program for Students with Disabilities) کے لیے اہل ہیں یا نہیں) کا مطلب یہ ہے کہ ایک طالبعلم کی معذوری اور اس کی ضروریات کی متعلقہ معلومات اس تمام عملے کو دینا ضروری ہے جو اس طالبعلم کے ساتھ کام کرتا ہے یا اس کی نگرانی کرتا ہے۔

یہ اس لیے ضروری ہے کہ سکول اس بارے میں درست طور پر آگہی کی بنیاد پر فیصلے کر سکے کہ کونسا ردّوبدل معقول ہے اور پھر اس ردّوبدل کو عمل میں لا سکے۔

یہ اس طالبعلم کی نگہداشت کا فریضہ پورا کرنے کے لیے بھی ضروری ہو سکتا ہے (مثال کے طور پر، ایک طالبعلم کو کوئی ایسا مرض ہو جس کے لیے علاج ضروری ہو سکتا ہے)۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ متعلقہ معلومات اس تمام عملے کو دینا ضروری ہے جو اس طالبعلم کے ساتھ کام کرتا ہو یا اس کی نگرانی کرتا ہو تاکہ عملہ:

- طالبعلم کی معذوری کو سمجھنے اور یہ سمجھنے کے قابل ہو کہ یہ اس کے سیکھنے اور سماجی یا جذباتی فلاح کو کیسے متاثر کرتی ہے
- سکول میں معقول ردّوبدل عمل میں لانے کے قابل ہو جس میں طالبعلم کے معالجین کے تمام مشوروں کو سمجھنا بھی شامل ہے۔

والدین کے ساتھ واسطے میں سکول کا عملہ سکول کی متعلقہ پالیسیوں جیسے فلاح اور طرزعمل کی پالیسیوں پر عمل کرتا ہے۔ متعلقہ پالیسیوں کے لیے اپنے سکول کی ویب سائیٹ دیکھیں۔

سکول کی پالیسیوں اور ذاتی تفصیلات کو برتنے کے متعلق مزید معلومات کے لیے سکول کے عملے سے بات کریں یا privacy@education.vic.gov.au پر ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ کے پرائیویسی آفیسر (DET Privacy Officer) کے سے رابطہ کریں۔